قانون توہینِ رسالت ﷺ

دفعہ۔295 سی

نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی شان میں اہانت آمیز کلمات کا استعمال

جو شخص بذریعہ الفاظ زبانی' تحریری یا اعلانیہ' اشارتاً یا کنایتاً بہتان تراشی کرے یا رسول کریم حضرت محمد ﷺ کے پاک نام کی بے حرمتی کرے' اسے سزائے موت یا سزائے عمر قید دی جائے گی۔ اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

"دفعہ 295 سی میں "یا عمر قید" کا لفظ مکمل اسلامی سزا کے خلاف تھا' اس لیے وفاقی شرعی عدالت نے اکتوبر 1990ء میں اپنے فیصلے میں صدر پاکستان کو ہدایت کی کہ وہ 30 اپریل 1991ء تک اس قانون کی اصلاح کریں اور "یا عمر قید" کے الفاظ ختم کریں' اور یہ کہ اگر تاریخ مقررہ تک ایسا نہ کیا گیا تو پھر اس کے بعد یہ الفاظ خود بخود کالعدم متصور کیے جائیں گے اور صرف سزائے موت' ملک کا قانون بن جائے گا"

چنانچہ مقررہ تاریخ تک یہ کام نہ ہو سکا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے مطابق یہ الفاظ خود بخود کالعدم ہو گئے۔"